SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, November 25, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at 11 o' clock in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ O
هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُوْءِ مِنُ الْمُهَیْمِنُ
الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ O هُوَاللّٰهُ الْخَالِقُ
الْبَارِیُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُO

ترجمہ: وہی خدا ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا۔ وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہےO وہی خدا ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ بادشاہ (حقیقی) پاک ذات (ہر عیب سے) سلامتی امن دینے والا نگہبان غالب زبردست بڑائی والا۔ خدا ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہےO۔

وہی خدا (تمام مخلوقات کا) خالق ایجادو اختراع کرنے والا صورتیں بنانے والا اس کے

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, November 25, 1997

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at 11 o' clock in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ O
هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُوْءِ مِنُ الْمُهَیْمِنُ
الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ O هُوَاللّٰهُ الْخَالِقُ
الْبَارِیُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُO

ترجمہ: وہی خدا ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا۔ وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہےO وہی خدا ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ بادشاہ (حقیقی) پاک ذات (ہر عیب سے) سلامتی امن دینے والا نگہبان غالب زبردست بڑائی والا۔ خدا ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہےO۔

وہی خدا (تمام مخلوقات کا) خالق ایجادو اختراع کرنے والا صورتیں بنانے والا اس کے

سب اچھے سے اچھے نام ہیں جتنی چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتی ہیں۔ اور وہ غالب حکمت والا ہےO

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین۔ جزاک اللہ' اب Leave application دیکھتے ہیں۔

جناب اسلام الدین شیخ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مؤرخہ ۱۷ تا ۲۵ نومبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ قاضی محمد انور صاحب کل مؤرخہ ۲۴ نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے لہذا انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ جی item no. 2 جی قاضی محمد انور صاحب۔ I must say Qazi Sahib آپ کی progress بڑی اچھی ہے روز کوئی نہ کوئی report آپ کی آ رہی ہوتی ہے۔

Qazi Muhammad Anwar: Sir , when I took over thirty two motions were pending, one new came from Abbasi Sahib. By now all the motions have been disposed of, we have no pendency.

PRIVILEGE MOTIONS

i)RE:ILLEGAL DETENTION THEN SURVEILLANCE BY THE INTELLIGENCE AGENCIES AND RAID OF POLICE AT THE RESIDENCE OF CH.SHUJAT HUSSAIN.

Mr. Chairman: This is excellent progress.

Qazi Muhammad Anwar: I move that under sub-Rule (1) of the Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988,

delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Ex-Senator Chaudhry Shujaat Hussain and Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the question of breach of privilege arising out of the alleged illegal detention of Chaudhry Shujaat Hussain in connection with a false and fabricated case, the surveillance by the intelligence agencies on the movement of Chaudhry Shujaat Hussain and raid of police at his residence at Islamabad and Gujrat, be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved by Qazi Muhammad Anwar that under sub-Rule (1) of the Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Ex-Senator Chaudhry Shujaat Hussain and Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the question of breach of privilege arising out of the alleged illegal detention of Chaudhry Shujaat Hussain in connection with a false and fabricated case, the surveillance by the intelligence agencies on the movement of Chaudhry Shujaat Hussain and raid of police at his residence at Islamabad and Gujrat, be condoned till today.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: OK. Delay stands condoned item No.2 Qazi Sahib.

Qazi Muhammad Anwar: I present report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Ex-Senator Chaudhry Shujaat Hussain and Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the question of breach of privilege arising out of the alleged illegal detention of Chaudhry Shujaat Hussain in connection with a false and fabricated case, the

surveillance by the intelligence agencies on the movement of Chaudhry Shujaat Hussain and raid of police at his residence at Islamabad and Gujrat.

I move under sub-rule (1) of the Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motion moved by Ex-Senator Chaudhry Shujaat Hussain and Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the question of breach of privilege arising out of the alleged illegal detention of Chaudhry Shujaat Hussain in connection with a false and fabricated case, the surveillance by the intelligence agencies on the movement of Chaudhry Shujaat Hussain and raid of Police at his residence at Islamabad and Gujrat, be condoned till today.

Mr. Chairman:- It has been moved by Qazi Muhammad Anwar, under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Ex-Senator Chaudhry Shujaat Hussain and Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder ,on the question of breach of Privilege arising out of the alleged illegal detention of Chaudhry Shujaat Hussain in connection with a false and fabricated case, the surveillance by the intelligence agencies on the movement of Chaudhry Shujaat Hussain and raid of Police at his residence at Islamabad and Gujrat, be condoned till today.

(The Motion was adopted)

Mr. Chairman:Delay stands condoned. Item No. 3, Qazi Sahib.

Qazi Muhammad Anwar: I present the report of the Committee

on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Ex-Senator Chaudhry Shujaat Hussain and Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the question of privilege arising out of the alleged illegal detention of Chaudhry Shujaat Hussain in connection with a false and fabricated case, the surveillance by the ingelligence agencies on the movement of Chaudhry Shujaat Hussain and raid of Police at his residence at Islamabad and Gujrat.

Mr. Chairman: Report stands presented. Item No.4 Qazi Sahib.

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I move under sub-rule(1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senators Hafiz Fazal Muhammad, Prof. Sajid Mir, Dr. Abdul Hayee Baluch, M. Javed Mengal, Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Syed Muhammad Jawad Hadi, Mrs. Nasreen Jalil and Ex-Senators Sardar Bashir Ahmad Khan Tareen, Syed Muhammad Fazal Agha, Fateh Muhammad Khan, Manzoor Ahmed Gichki, Syed Ishtiaq Azhar, Abdur Rahim Khan Mandokhel, Sardar Muhammad Yaqoob Khan Nasir and Mr. Khalil-ur-Rehman on the question of breach of privilege arising out of the misbehaviour of Airport Security Staff at Quetta with Senator Hafiz Hussain Ahmed, be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved by Qazi Muhammad Anwar under sub-rule(1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 that delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senators Hafiz Fazal Muhammad, Prof. Sajid Mir, Dr. Abdul Hayee Baluch, M. Javed Mengal, Raja

Muhammad Zafar-ul-Haq, Syed Muhammad Jawad Hadi, Mrs. Nasreen Jalil and Ex-Senators Sardar Bashir Ahmad Khan Tareen, Syed Muhammad Fazal Agha, Fateh Muhammad Khan, Manzoor Ahmed Gichki, Syed Ishtiaq Azhar, Abdur Rahim Khan Mandokhel, Sardar Muhammad Yaqoob Khan Nasir and Mr. Khalil-ur-Rehman on the question of breach of privilege arising out of the misbehaviour of Airport Security Staff at Quetta with Senator Hafiz Hussain Ahmed, be condoned till today.

(The Motion was adopted)

Mr. Chairman: The delay stands condoned. Item No.5.

Qazi Muhammad Anwar: Sir, I present the report of the Committee on the Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senators Hafiz Fazal Muhammad, Prof. Sajid Mir, Dr. Abdul Hayee Baluch, Mr. Javed Mengal, Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Syed Muhammad Jawad Hadi, Mrs. Nasreen Jalil and Ex-Senators Sardar Bashir Ahmed Khan Tareen, Syed Muhammad Fazal Agha, Fateh Muhammad Khan, Manzoor Ahmed Gichki, Syed Ishtiaq Azhar, Abdur Rahim Khan Mandokhel, Sardar Muhammad Yaqoob Khan Nasir and Mr. Khalil-ul-Rehman on the question of breach of Privilege arising of the misbehaviour of the Airport Security force at Quetta with Senator Hafiz Hussain Ahmad.

Mr. Chairman: The report stands presented. Next Item No.6.

Qazi Muhammad Anwar: I move that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, delay in the presentation of reprot of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senator Syed Qasim Shah on the

question of breach of privilege arising out of the alleged misbehaviour of a senior officer of the Ministry of Foreign Affairs with the mover, be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, delay in the presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senator Syed Qasim Shah on the question of breach of privilege arising out of the alleged misbehaviour of a senior officer of the Ministry of Foreign Affairs with the mover, be condoned till today.

(The Motion was adopted)

Mr. Chairman: The delay stands condoned. Item No.7.

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I present the report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senator Syed Qasim Shah on the question of breach of privilege arising out of the alleged misbehaviour of a senior officer of the Minsitry of Foreign Affairs with the mover.

Mr. Chairman: Report stands presented. Item No.8.

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I move that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, delay in the presentation of report of the Committee on rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the question of breach of privelge arising out of the failure of the Government to release the development funds for the implementation of schemes recommended by the Senator, be condoned till today.

Mr. Chairman: It has been moved by Qazi Muhammad Anwar under

sub-rule (1) of Rule 171 of the rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the delay in the presentation of report of the Committee on rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder, on the question of breach of privelge arising out of the failure of the Government to release the development funds for the implementation of schemes recommended by the Senator, be condoned till today.

(The Motion was adopted)

Mr. Chairman: The delay stands condoned. Item No.9.

Qazi Muhammad Anwar: Mr. Chairman, I present the report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on Privilege Motion moved by Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder on the question of breach of privilege arising out of the failure of the Government to release the development funds for the implementation of schemes recommended by the Senators.

Mr. Chairman:- Report stands presented.

Now we come to items No. 10 and 11. Where is Raja Nadir Pervaiz Sahib , Gohar Ayub Khan Sahib? Where is the Minister for Water and Power?

Mr. Gohar Ayub Khan: Sir, I saw him in the National Assembly. If you like, I can just call him here.

جناب چیئرمین : پتہ کریں ناں کہاں پہ کیا کرنا ہے - Do they want to proceed with this or not?

Mian Raza Rabbani: Sir, if this could be taken up tomorrow because we are in the process of going through the Bill and we would finish our study by today.

کل اس کو لے لیں ' there should be certainly no problem. Tomorrow means the

next working day.

جناب چیئرمین : راجہ صاحب کدھر ہیں ۔ راجہ صاحب کو بلا لیں ۔

may be we can decide it.

Mr. Gohar Ayub Khan: Right sir. I just go and inform Raja Nadir Pervaiz.

Mr. Chairman: In the meantime, Raza Sahib there are so many adjournment motions whcih are pending. So, my suggestion would be if you and Aftab Sheikh Sahib to please look into all the pending things,

we dispose them of so that we یعنی اس کو agenda پہ لا کر overtaken by time آج کل میں ، کیونکہ آج بھی وقت reduce our agenda and the needful be done. So, I will be grateful if you two look ۔ ہے ، کل بھی session نہیں ہے پرسوں ہو گا ۔ جو آپ سمجھتے ہیں کہ اب ضرورت نہیں اس کو ہم agenda پہ لا کر into all the pending things we dispose them of and the rest we can discuss later.

Mian Raza Rabbani: Right, sir.

جناب چیئرمین : دوسرا جو میں نے آپ سے عرض کیا about committee اس پہ بھی آپ مشورہ کر کے کوئی مجھے طریقہ بتا دیں کہ جی یہ اس طرح سے کر لیا reprots جائے۔

Mian Raza Rabbani: Right, sir.

جناب چیئرمین۔ اب کیا کرنا ہے ۔ جی شفقت محمود صاحب ' پوائنٹ آف آرڈر ۔

POINT OF ORDER.

جناب شفقت محمود ۔ اخبارات کی اطلاع کے مطابق کل ۲۶ نومبر کو موٹر وے کا افتتاح ہو رہا ہے۔ جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے وہ build , operate, and transfer basis پر بنائی گئی تھی اور جو build کی definition ہے ۔ میں انجینئر نہیں ہوں اور انجینئر نہ ہوتے ہوئے

بھی build کی definition یہ ہے کہ سڑک ساری مکمل ہو اس کے سارے پل مکمل ہوں۔ اس کے انٹر چینجز سارے مکمل ہوں ۔ اس کے سروس سنٹرز سارے مکمل ہوں اور یہ سارا کام جب مکمل ہو جائے تو پہلی شق بلڈ والی جو ہے وہ مکمل ہوتی ہے اور اس کے بعد آپریٹ والی شق جو ہے وہ شروع ہوتی ہے ۔ میں خود بھی وہاں گیا ہوں اور میری اطلاع کے مطابق ابھی بہت سارے کام وہاں پر بقایا ہیں جو کہ ابھی تک نہیں مکمل ہوئے ۔ کچھ bridges ہیں جو ابھی تک تیار نہیں ہوئے ۔ کچھ interchanges ہیں جو تیار نہیں ہیں اور سروس سنٹر تو کوئی بھی نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر آپ اسلام آباد سے لاہور تک جائیں اور خدانخواستہ کوئی خرابی ہو جائے ، کوئی پرابلم ہو جائے ، کوئی پانی پینا پڑ جائے ، کچھ کھانا پڑ جائے ، کچھ نہیں ہے 'there is nothing over there. اور اس کا افتتاح کیا جا رہا ہے ۔

اب اس کا افتتاح ہونے سے ایک چیز جو اور ہوگی جو ڈائیو کمپنی ہے جس نے اس کو چلانا ہے وہ toll collect کرنا شروع کر دے گی ۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ڈائیو کمپنی کی جو آمدن ہے وہ شروع ہو جائے گی اور وہ کوئی estimate ہے کہ ایک کروڑ روپے مہینہ ہو گی کوئی کہتا ہے کہ دو کروڑ روپے مہینہ ہوگی۔ابھی تک انہوں نے اپنے معاہدے کی پہلی شق تو پوری نہیں کی ، یعنی بلڈ تو کیا نہیں ، اور ان کی آمدن جو ہے وہ شروع ہو جائے گی ۔تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے تو اس میں کچھ پرابلم نظر آتا ہے۔ یا تو گورنمنٹ ہمیں یہ بتائے کہ اوریجنل کنٹریکٹ تھا اس کو ہم نے amend کر دیا ہے ۔اس کنٹریکٹ کو amend کرکے ہم نے ڈائیو کو ایک سپیشل concesion دیا ہے ۔ ابھی سڑک آپ ختم نہ کریں لیکن ٹول آپ چارج کرنا شروع کر دیں یعنی ان کی آمدن شروع ہو گئی ۔ اگر ان کی آمدن شروع ہو گئی ہے۔تو اگر ان کی آمدنی شروع ہو گئی ہے اور کنٹریکٹ امنڈ نہیں ہوا تو پھر یہ violation ہے ۔ کیونکہ انہوں نے بلڈ والا کام مکمل نہیں کیا ۔اور let us say اگر چھ مہینے تک نہیں کرتے اس کا مطلب یہ ہوا کہ چھ ماہ میں ڈائیو کو آمدنی accrue ہو گئی ۔ وہ ناجائز ہے اور ایک خاص قسم کا ڈائیو کو advantage دیا جا رہا ہے اور ڈائیو کو کس purpose کے لئے یہ advantage دیا جا رہا ہے ۔ کیونکہ انہوں نے اپنی شرائط پوری نہیں کیں اور ان کو یہ سارا advantage دیا جا رہا ہے ۔تو اس سلسلے میں حکومت کی طرف سے ہمیں کوئی بتائے یا ہمیں یہ بتائیں کہ for whatever reasons اور میں اس میں بحث نہیں کروں گا ۔ یہ بتائیں کہ جی ہم نے contract amend کردیا ہے ۔ And we

یا are waiting for the motor way to be completed before the charging of the toll یہ کریں کہ جی ٹھیک ہے کہ اگر ہم نے test out ہی کرنا ہے تو جب تک complete نہیں ہوتی تب تک لوگوں سے toll نہ لیں ۔ تو یہ کوئی عجیب صورتحال ہے کہ Daewoo کو advantage دیا جا رہا ہے build انہوں نے اب تک کیا نہیں ہے ۔ contract amend ہوا ہے یا نہیں ہوا ہمیں confidence میں لیا جائے ۔ اور چونکہ یہ ایک بہت international event بنایا جا رہا ہے تو ہمیں یہ بتایا جائے کہ یہ کونسا contract تھا اس میں کونسی تبدیلی کی گئی کچھ اس کے بارے میں بتایا جائے ۔

جناب چیئرمین۔اب تو یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اعظم ہوتی صاحب کے علاوہ کوئی اور بات authoritative نہیں ہو سکے گی ۔ وہ آئیں تو پھر ان سے کہیں گے ۔

جناب شفقت محمود ۔تو پھر جناب میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اس کو اس لحاظ سے pending کردیا جائے ۔ یہ بڑا important مسئلہ ہے ۔

جناب چیئرمین ۔ ٹھیک ہے ۔ As soon as Mr. Azam Hoti is here, we will ask him to make a statement on this matter. جی جناب عالی صاحب ۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔جناب والا! میں نے ایک نوٹس دے رکھا ہے جسے آپ نے admit بھی فرما لیا تھا ۔ اسی کے بارے میں ایک پوائنٹ آف آرڈر کہنا چاہتا ہوں اگر اجازت ہو ۔

جناب چیئرمین۔جی فرمائیں کیا ہے ۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔جناب والا!

Ministry of Education of the Federal Government governs and owns two colleges in Karachi , called Federal Government Urdu Science College and Federal Government Urdu Arts College.

وہاں کی جناب تنخواہوں پر یہ مصیبت آن پڑی ہے ۔ کہ ان کا deficit one crore 20 lacs کے قریب respectively ہے ۔ وہ ان کو نہیں مل رہا ہے تو وہ اپنے and one crore 25 lacs سے تنخواہیں partly ادا کر رہے ہیں ۔ provident fund Which is a criminal breach of

trust تو میں نے یہ عرض کیا ہے کہ گورنمنٹ اس کو روکے اس کا کوئی علاج کرے ۔ اور ہمیں بتائے کہ کیا ہو رہا ہے ۔ کیونکہ In an institution such a criminal breach of trust should not take place. That is my submission.

جناب چیئرمین ۔ Raza Sahib again, I would request آپ لوگوں کو ، کہ اگر پوائنٹ آف آرڈر میں بھی اگر تھوڑا سا نوٹس آجائے Then we can inform the minister concerned تا کہ موجود ہوں کہ جواب تو دے سکیں ناں ۔

Mian Raza Rabbani: Sir, the ministers concerned should in any case be present in the House.

It is a collective responsibility. The ۔ گوہر ایوب صاحب کو اکیلا بٹھا دیا ہے other minister should generally be able to answer

جناب چیئرمین ۔ نہیں ، دیکھیں ناں education کے بارے میں سوال اٹھایا جاتا ہے ۔ منسٹر ایجوکیشن کے بارے میں کوئی سوال اٹھایا جاتا ہے۔ جبکہ اس کا کوئی آج بزنس نہیں ہے ۔ I am throwing it to you ۔ اگر آپ کوئی اس پر سوچ لیں He would probably not come that شاید کوئی طریقہ کار نکل آئے ۔ We can inform them that آج ایک point of order آنا ہے Then we can also manage out time better تو منسٹر کو پتہ ہو He should be prepared with it at short notice and make a statement. It might be helpful.

ڈاکٹر جمیل الدین عالی ۔ جناب چونکہ آپ ہاؤس کو ایڈجرن کرنے والے تھے تو میں نے کہا اس موقع سے فائدہ اٹھاؤں ۔ یہ چیز تحریری طور پر جناب کی خدمت میں پیش کر چکا ہوں اور میری اطلاع کے مطابق وزارت تعلیم کو بھیج چکے ہیں اور وہ کوئی نوٹس نہیں لیتے ۔ تو کوئی آدمی مرتا کیا نہ کرتا ۔ تو وہاں لوگ بھوکے مر رہے ہوں گے اور میں نے سوچا کہ آپ کی توجہ اور آپ کے ذریعے حکومت کی توجہ اس طرف دلا دوں ۔ حالانکہ اتنی مدد فرما سکتے ہیں تعلیم کے معاملے میں کہ حکومت کو از خود بھی یہ ہدایت دے دیں کہ وہ اس criminal breach of trust کا سدباب کرے ۔ G.P. Fund کو تو کوئی خرچ کر ہی نہیں سکتا۔ یہ تو ہر ادارے کی ایک مقدس امانت ہے ۔ تو اگر آپ حکومت کو متوجہ کریں گے تو آپ بڑی مدد کریں گے ۔

Mr. Chairman: Well, assuming that the government will take note of it

شیخ رفیق احمد ۔ جناب والا ! The local administration of the college has done it in the best interest of college and expecting that the Federal Government will reimburse the amount لیکن اس کے باوجود ان کے لئے ایک embarrassment ضرور ہے ۔اس سٹاف کےلئے اور جن کونہیں ملتی یا جن کو لیٹ ملتی ہے ۔ ان کو پریشانی ہوتی ہے جو ایڈمنسٹریشن ہے ان کے لئے بھی پریشانی ہے ۔ تو The Federal Government will look into it without delay.

جناب چیئرمین۔ راجہ نادر پرویز صاحب آگئے ہیں ۔ ایک منٹ جی ۔لیجسلیشن ہے ۔ جی جناب راجہ صاحب ۔

راجہ نادر پرویز ۔ جی ہاں جناب ہمارا لیجسلیٹو بزنس ایجنڈے پر تھا۔item no.10 & 11 اور can I introduce it sir.

Mr. Chairman: The request from the Opposition is that if you can delay till day after tomorrow, they would like to study it and then,

اگر آپ کو کوئی اعتراض نہ ہو۔

Raja Nadir Pervaz: No problem sir.

Mr. Chairman: No Problem

جی فرمائیے جناب So this is defferd till day after tomorrow جی

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میری جناب ایک گزارش ہے کہ پرسوں ڈان میں بھی ایک بہت بڑی خبر آئی ہے بلوچستان انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کی کہ وہ بند کر دی گئی ہے بالکل Indefinite period کے لئے اور پریس سے جو کچھ معلوم ہوا ہے وہاں تلخی اس بات پر ہوئی ہے کہ طلباء بضد تھے کہ ہمیں نقل کی اجازت ہو ۔

جناب چیئرمین ۔ نقل کی اجازت ہو ؟

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ یہ اخبار نے رپورٹ کی ہے جی۔

جناب چیئرمین ۔ اجازت مل گئی کہ نہیں ملی؟

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ اخبار کی رپورٹ کے مطابق میں عرض کررہا ہوں جی ۔ دیکھیں ناں جناب یہ عجیب دلچسپ بات ہے۔ ہم لوگ حیران ہو رہے ہیں ' اخبار کے مطابق' ڈان اخبار کے مطابق طلباء پرزور اپنامطالبہ رکھ رہے تھے کہ ہم جو مواد لائے ہیں ہال کے اندر اس کی ہمیں اجازت ہو ہم جس طرح سے بھی کچھ کرنا چاہیں۔ اچھا پھر یہ دیکھئیے کمال جناب وہ جو لوکل ایڈمنسٹریشن ہے جس نے مداخلت کی' لوکل ایڈمنسٹریشن ضلعی انتظامیہ ہوتی ہے انہوں نے آ کر مداخلت کی اور وائس چانسلر کو کہا کہ بھائی گڑ بڑ کو چھوڑو تھوڑا بہت جو بھی ان کے پاس ہے ان کو کرنے دو ۔ یعنی ضلعی انتظامیہ کا یہ خیال کہ یہ جو بھی گڑ بڑھ کرنا چاہتے ہیں یا جو بھی مواد ساتھ لائے ہیں اس کے لئے ان کو اجازت ہو تو اس پر بھی وائس چانسلر نے سٹینڈ لیا کہ نہیں جناب یہ ادارہ ہے اور یہاں پر لوگ اپنی صلاحیت کے مطابق امتحان دیں اور پاس ہوں یا پاس نہ ہوں مجھے اس سے کوئی غرض نہیں ہے کہ کون پاس ہوتا ہے کون پاس نہیں ہوتا ہے۔ میں اس کی مختصر سی' یعنی اس کی اور بھی تفصیل ہے میں اس کی طرف نہیں جاتا ہوں میں صرف اتنی گزارش کروں گا کہ جناب والا! حقیقت یہ ہے کہ خضدار انجنیئرنگ یونیورسٹی کو نام تو دیا گیاہے انجینئرنگ یونیورسٹی ہے لیکن حقیقتاً جناب ایک کالج کی حد تک بھی اس میں سہولیات میسر نہیں ہیں صرف تین مضمون وہاں پر پڑھائے جاتے ہیں جی 'سول انجینئرنگ اور میکینیکل انجنیئرنگ۔

جناب چیئرمین ۔ اور الیکٹریکل انجنیئرنگ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ الیکٹرک ہے یا کوئی اور ہے جی بس یہ تین مضمون ہیں اور آپ حیران ہوں گے کہ جناب والا! وہاں کوئی بھی پی ایچ ڈی سٹاف موجود نہیں ہے ایک بھی پی ایچ ڈی نہیں ہے جناب پی ایچ ڈی تو اپنی جگہ ہے ایم ایس سی جو ہوتا ہے ناں ایم ایس سی انجنیئرنگ وہ بھی نہیں ہے ان کے پاس۔بی ای پاس بی ای کو پڑھاتے ہیں جناب ابھی آپ خود اندازہ لگائیں کہ طلباء کا یہ مطالبہ جائز ہے اپنی جگہ پر کہ نہیں ۔

جناب چیئرمین ۔یعنی کیا نقل کرنے کا مطالبہ جائز ہے ان کا۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ نہیں نقل مارنے کا میں نہیں کہتا جناب میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ان کو جب پڑھانے والے نہیں ہوں گے جب ایک ادارہ جس میں لائبریری نہیں ہو گی اس میں ایڈیٹوریل نہیں ہو گا اس کے اور لوازمات جو ہیں وہ پورے نہیں ہوں گے تو اساتذہ جو ہیں اس معیار کے مطابق جیسے کسی یونیورسٹی میں ہونے چاہئیں وہ نہیں ہوں گے کہ میٹرک میٹرک کو پڑھائے بی اے بی اے کو پڑھائے بی ای بی ای کو پڑھائے تو جناب والا! میں عرض کروں کہ اس ادارے کا کیا حال ہو گا کیا حشر ہو گا ؟ اچھا ان کا جناب ہمیشہ ایک مطالبہ رہا ہے خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کا کہ وفاقی سیکرٹری تعلیم سے یا جو وفاقی نظام ہے تعلیم کا وہ کہتے ہیں جناب کہ وہاں بڑے بڑے جو پی ایچ ڈی ہیں پروفیسرز ہیں وہ اس لئے نہیں آتے ہیں کہ وہاں تنخواہ کا شرح جو ہے وہ کم ہے اور وہ کراچی کو یا پشاور کو یا فرض کریں کہ اگر وہ لوگ لاہور سے آئیں تو ان کے لئے کوئی incentive نہیں ہے اور یہ بات بھی ان کی درست ہے اور یہ کہتے ہیں کہ ہم اس کے لئے تیار نہیں ہیں چونکہ منظوری یہ دیتے ہیں تنخواہوں کا اسکیل اس طرح نہیں ہے سہولتیں اس طرح کی نہیں ہیں کہ وہ اچھے شہروں کو چھوڑ کر خضدار جیسی جگہ میں پڑھانے کے لئے آئیں وہاں کی جو یونیورسٹی ہے وہ چاہتے ہیں کہ ان کو incentives دیں جو لوگ یہاں پر باہر سے آئیں ان کی تنخواہ میں کچھ اضافہ ہو اورکوئی اور مراعات ہوں تاکہ وہ اگر چہ کراچی یونیورسٹی ہے یا لاہور یونیورسٹی ہو یا حیدر آباد ہے یا پشاور سے اگر وہ آئیں تو وہاں پڑھانے کے لئے ان کے پاس کچھ incentives ہوں گے تو وہ آئیں گے اچھا یہ جو ہمارا وفاقی سیکرٹریٹ ہے نظام تعلیم کا یہ کوئی بھی ان کا مطالبہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہے اچھے اساتذہ وہاں آ نہیں رہے ہیں اور جو بلڈنگ ہے یا دوسری جو ان کی ضروریات ہیں جیسے میں نے کہا ایڈیٹوریم ہے لائبریری ہے اور بھی چیزیں ہیں مجھے سب کا نام یاد نہیں ہے اب وہ چیزیں بھی جب نامکمل ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ ایسے ادھورے جو تعلیمی ادارے ہیں یا ادارے جو آپ کھولتے ہیں ادھورے لنگڑے لولے تعلیمی ادارے ان کو نام بھی آپ یونیورسٹی کا دیتے ہیں اور وہاں درس بھی نہیں ہے تعلیم بھی نہیں ہے طلباء بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ جی آپ ہمیں نقل کی اجازت دیں یا آپ ہمیں سہولیات فراہم کریں جو ایک تعلیمی ادارے کے شایان شان ہو ں خاص طور پر اساتذہ کرام پروفیسر صاحبان وہ بھی آپ نہیں دے سکتے ہیں فنڈز بھی آپ نہیں دے سکتے ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ اس طرح کے ادارے بے دست پا ادارے کھولنے کا فائدہ کیا ہے اور یہ بھی

آپ دیکھ لیں کہ ہم اکثر بلوچستان کا نام لیتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ بلوچستان کی بات آپ ہمیشہ کرتے ہیں ابھی آپ یہ دیکھیں کہ پورے بلوچستان میں ایک یہی انجینئرنگ کالج ہے جس کو یونیورسٹی کا نام دیا گیا ہے چلو اگر اور ہوتے تب بھی ہم خوش ہوتے ۔آپ یقین کریں کہ ہمارے پاس کوئی پولی ٹیکنیکل کالج نہیں ہے' صرف پولی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ ہے ۔ وہ بھی کوئٹہ میں ہے ۔ کوئی پولی ٹیکنیکل کالج بھی نہیں ہے ۔ابھی آپ کہتے ہیں کہ گوادر پورٹ develop ہو رہی ہے ' یہ ہائی ویز بن رہی ہیں تو آپ ہمیں بتائیں کہ ہم ملک کے باقی لوگوں کے ساتھ کس طرح مقابلہ کر سکتے ہیں ۔

جناب چیئرمین۔ جناب! لورالائی میں بھی تو پولی ٹیکنیکل کالج ہے ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب والا! وہ کچھ بھی نہیں ہے ' لورالائی میں صرف ووکیشنل سنٹر ہے ۔جناب والا! جرمن کی خیرات پر وہاں ایسے دو چار ووکیشنل سنٹر بنائے گئے ہیں ' جو مڈل ' میٹرک کو پڑھاتے ہیں۔اب میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اورمسلم لیگ والوں کو بھی سننا چاہئیے کہ آخر ہم لوگ اس ملک میں کیسے اس ریاستی مشینری میں آئیں گے ' ان لنگڑے لولے تعلیمی اداروں کی بدولت بلوچستان کے لوگ کیسے مقابلے میں آئیں گے ' کیسے سی ایس ایس کا امتحان پاس کریں گے ' آپ کہتے ہیں کہ کوٹہ سسٹم ختم کرو مگر خدا کے بندو ہمارے لئے ایسے ادارے بھی بناؤ ' جیسے آپ کے پاس ادارے ہیں ۔ ویسے ادارے ہمارے پاس بھی ہونے چاہئیے ہیں ۔ اگر پھر بھی ہم مقابلے کا امتحان پاس نہ کریں تو پھر ہمارے لئے ملامت ہے ۔ خدا کے بندے آپ کے عالی شان ادارے ہیں 'آپ کے پاس ہر قسم کے انسٹیٹیوٹ ہیں ۔ہمیں اس بات کی خوشی ہے کہ ہمارے ملک میں ایسے ادارے ہیں ۔ ہم کہتے ہیں کہ ایسے ادارے ہونے چاہئیں۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے ' مگر ایسے ادارے بلوچستان میں کیوں نہیں بنائے جاتے ' ہمارے لئے ایسے ادارے کیوں نہیں ہوتے۔ ہمارے لئے ایک تو مثالی ادارہ ہو ۔ جناب والا! میں آپ کو دیانتداری سے کہتا ہوں کہ بلوچستان میں کسی بھی شعبے میں کسی بھی قسم کا کوئی مثالی ادارہ نہیں ہے ۔ آپ حیران ہوں گے۔اگر ہماری یونیورسٹی دیکھیں تو آپ کو ہم پر رحم اور ترس آئے گا ۔جناب! ایک زمانے میں ایک ٹیکنیکل کالج تھا ' mineral college کے لئے وہ بلڈنگ بنی تھی ۔جناب ! وہ اب یونیورسٹی ہے ۔جناب ٹیکنیکل کالج کے لئے بننے والی بلڈنگ میں آج بلوچستان

یونیورسٹی کا کیمپس ہے ۔ آپ حیران ہوں گے ۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ ہمارے پاس تعلیم بالکل نہیں ہے تو اس طرح کی ڈگریاں لے کر ہم کیسے ملک کی خدمت کریں گے ، قوم کی خدمت کریں گے۔ ہماری ان سے استدعا ہے کہ جو بھی ہماری تعلیمی مشکلات ہیں ،مسائل ہیں ، ان پر توجہ دیں۔ ہمیں بھی اپنا بھائی سمجھیں، ہمیں بھی اس ملک کا شہری سمجھیں ، ساتھی سمجھیں ،ہمارے ساتھ بھی ہمدردی کریں ۔ بلوچستان آدھا پاکستان ہے۔ اس میں وسائل بھی ہیں ، سب کچھ ہے تو پھر بلوچستان والوں سے سوتیلی ماں والا سلوک کیوں کیا جا رہا ہے ؟ ہماری یہ گزارش ہے کہ ہمارے مسائل پر کم از کم اور خاص طور پر تعلیم کے بارے میں جو ہماری مشکلات ہیں ، اس پر توجہ دی جائے ۔

جناب چیئرمین۔ٹھیک ہے ۔ جی آفتاب احمد شیخ صاحب۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ اس بات کا شکریہ جی کہ آپ نے نوازش فرمائی اور آپ نے کہا ہے کہ جو pending business ہے ، اس کو دیکھا جائے ، کیا pending ہے اورکیا pending نہیں ہے ۔میں آپ کی توجہ آرٹیکل ۲۳۰ پر دلاؤں گا ۔4- 230 sub Article آپ کے پاس بہت ساری Council of Islamic Ideology کی رپورٹیں پڑی ہیں ۔ ان پر کوئی بحث نہیں ہوئی ہے۔ آپ مجھے اجازت دیں تو میں پڑھ دوں۔

جناب چیئرمین۔ نہیں وہ ٹھیک ہے ۔ اس وقت تو وہ مسئلہ نہیں ہے۔ مسئلہ تو یہ ہے کہ وہ معاملات جو pending ہیں اور dispose of ہوسکتے ہیں ۔ ان کو تو کم از کم فارغ کیا جائے ناں۔ ہمارا جب ایجنڈا کم ہو جائے گا تو then those things which have to come, we will bring them up.

جناب آفتاب احمد شیخ۔ ٹھیک ہے جی ۔ آخر وہ رپورٹ میں constitutional mandate ہے کہ جناب ان پر بھی بحث ہونی ہے ۔ آج تک ایک بھی رپورٹ پر بحث نہیں ہوئی ۔

جناب چیئرمین۔ آپ اس کا ایک طریقہ کار طے کر لیں ۔ So that these things then will come up جو چیزیں آپ سمجھتے ہیں کہ they may be taken by time یا ختم ہو سکتی ہیں ۔ ان کو clear کر دیں باقی جو چیزیں ہیں ، ان کو لانے کا مجھے طریقہ بتائیں ۔ We will

take it up. جی انور بھنڈر صاحب ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! میں وزیر خارجہ صاحب کی خدمت میں ایک دو گزارشات پیش کرنا چاہتا تھا ۔

جناب چیئرمین۔ وہ تو چلے گئے ہیں ۔

RE: THERE IS NO PERSONAL BUILDING FOR PAKISTAN EMBASSY IN KAWAIT.

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ بہرحال جناب ! میری طرف سے گزارشات ہاؤس میں آ جائیں ' ان تک بھی پہنچ جائیں گی ۔ جناب والا! گزشتہ دنوں میں مجھے کویت جانے کا اتفاق ہوا اور وہاں بہت سے پاکستانیوں سے ملاقات ہوئی ۔ دراصل انہوں نے وہاں بہت سے گولڈن جوبلی کے سلسلے میں فنکشنز کئے تھے تو وہاں مجھے ان کے ساتھ ملنے کا اتفاق ہوا ۔ جناب والا! ان کا ایک مطالبہ یہ تھا کہ کویت میں ہماری اپنی ایمبیسی کی کوئی بلڈنگ نہیں ہے حالانکہ کویت میں کافی فنڈز ہیں ' کافی فنانسز ہیں ۔ وہ خود بنا بھی سکتے ہیں اور ایک پلاٹ وہاں موجود تھا جو کہ بہت اچھی جگہ پر تھا ۔ وہ دے کر اور جگہ پلاٹ لیا گیا ہے ۔ وہاں مستقبل قریب میں ایمبیسی کے لئے اپنی بلڈنگ بنانے کا کوئی پروگرام نہیں ہے ۔ میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ان پاکستانیوں میں احساس محرومی ہے ۔ وہاں ہندوستان نے تو بڑی عالی شان اپنی ایمبیسی بنا لی ہے لیکن پاکستان کی ایمبیسی کی اپنی بلڈنگ موجود نہیں ہے ۔میں آپ کی وساطت سے حکومت سے یہ گزارش کروں گا کہ اس چیز کی طرف توجہ دیں اور وہاں جلد از جلد اپنی ایمبیسی کی بلڈنگ بنائی جائے ۔

جناب والا! دوسرا ان کا مطالبہ یہ تھا کہ جب کوئی دوبئی میں پاکستانی فوت ہو جاتا ہے تو PIA نے یہ facility دی ہوئی ہے کہ بغیر کرایہ charge کئے میت وہاں سے لے آتی ہے' تو ان کا مطالبہ یہ تھا کہ یہ facility ہمیں بھی دی جائے کیونکہ تقریباً 80,70 ہزار کے قریب پاکستانی اس وقت کویت میں مقیم ہیں لہذا ان کو بھی یہ facility دی جائے ۔ یہ دونوں معاملات میں آپ کی وساطت سے حکومت کو عرض کروں گا کہ اس کی طرف توجہ دیں۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ ۔ anything else جی تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر۔ جناب عالی! متعلقہ وزیر یہاں پر موجود نہیں ہیں بہرحال شاید ان تک میری بات پہنچا دی جائے وہ یہ کہ سندھ میں Highways کا مسئلہ ہے اور سندھ میں Highwaysبنانے کا بہت بڑا پروگرام تھا' حیدرآباد اور کراچی تک تو Highway ہے جوکہ اس موٹروے سے کہیں بہتر کوالٹی کی ہے اور حیدرآباد سے کشمور تک سڑک ڈبل کی جارہی تھی' حیدرآباد by pass بن گیا تھا' ہالہ تک وہ سڑک پہنچ گئی تھی' ہالہ سے کشمور تک بنیادی کام ہو چکا ہے ' 80 فیصد کام ہو چکا ہے لیکن اس کو گزشتہ ایک سال سے روک دیا گیا ہے یعنی اس سڑک کے اوپر استرکاری کرنی ہے۔انڈس ہائی وے کا کام ہے اس کے بہت سے portions completeہو چکے ہیں لیکن وہ سال بھر سے رکا ہواہے ' انڈس ہائی وے کراچی اور پشاور کے فاصلے کو 859 کلومیٹر کر دے گی یعنی کراچی سے پشاور تک آپ دس گھنٹے کے اندر drive کر سکیں گے۔

جناب چیئرمین۔ یعنی یہ اتنا کم ہو جائے گا' پہلے کتنا ہے ؟

جناب تاج حیدر۔ جناب اس وقت تو کراچی اور پشاور کا فاصلہ 1600 کلومیٹر ہے لیکن انڈس ہائی وے سے 859 کلو میٹر رہ جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ یعنی almost آدھا رہ جائے گا۔ 50 percent

جناب تاج حیدر۔ جی ہاں آدھا رہ جائے گا۔ یہ تمام اسکیمیں جن پر تقریباً 70 سے 80فیصدکام ہو چکا ہے انہیں روک دیا گیا ہے۔اب اس موٹروے سے چھٹکارا مل چکا ہے تو جناب میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ذرا ان کو بھی مکمل کر لیا جائے کیونکہ جو ادھورا کام ہوا ہے وہ بارشوں وغیرہ سے کافی damage ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب رضا ربانی صاحب۔

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا شکرگزار ہوں ۔ آج کی پریس کے اندر وزیراعظم کے حوالے سے چند خبریں چھپی ہیں جو انہوں نے غالباً کل پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ ان میں یوں تو بہت سی چیزیں جو وزیر اعظم نے کہی ہیں وہ repetition ہیں اور کچھ ایسی باتیں ہیں جس سے ان کی معصومیت ٹپکتی ہے' کہ جیسے انہوں نے

کہا کہ مجھے پتا نہیں کہ یہ crises کس طرح پیدا ہوئے اور کیوں پیدا ہوئے اور یکدم رات کو یہ ریلے کی طرح آیا۔ اس مسئلے پر اس ہاؤس کے اندر بڑی تفصیل سے گفتگو ہو چکی ہے کہ یہ crises کس طرح وزیر اعظم اور ان کے Advisoers نے خود 20 اور 21 اگست کی رات کو پیدا کئے اور پھر اس کو کس طرح perpetuate کرتے گئے اور ایک Executive اور جوڈیشری کی confrontation سے پارلیمنٹ اور جوڈیشری کی confrontration تک لے کر آئے تاکہ ایک آدمی کی جان بچ سکے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ اہم دو نکات ہیں جو کہ وزیر اعظم کی تقریر کے ہیں اور وہ نکات تشویش کا باعث نہ صرف دونوں ایوانوں کے لئے بلکہ پوری قوم کے لئے بنتے ہیں۔ جناب والا! جو پہلا نقطہ ہے میں سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ دنیا کی تاریخ میں پہلی دفعہ ہے کہ کسی sitting Prime Minister نے violence کی ترغیب دی ہے۔ اگر آپ اخبار دیکھیں، جو ان کی تقریر کی The News میں reporting ہوئی ہے اس میں انہوں نے یہ کہا کہ

that he had to control his emotion and resort to patience so that he could find a peaceful way out of the present crises. He had to control himself, thereby implying that there were other methods of violence that were open to him and he would have followed those methods of violence but after exhibiting great restrain and caution, he tried to find a way out. He does not stop there sir, inspite of the fact that I have a two third majority, I didn't resort to violence. Sir, what does this mean? The sitting Prime Minister, who is in the same bracket talking about the supremacy of Parliament. Who is in the same bracket talking about the supremacy of the rule of law. That sitting Prime Minister is talking about a violent option, that is available with him, to whom is he hurling these threats of violence? Is not the law and order situation already in the country at a stage where there is total anarchy? In order to save his own person, does he want blood to spill in the streets of Pakistan? Sir, this is what he is trying to show that this is an option of violence that is available with me. The second point sir, that I would like to bring before you.

(interruption)I

جناب چیئرمین : مجھے کچھ اس دن والا واقعہ یاد آرہا ہے کہ جب کوئی کہے کہ غیر جمہوری قوت، تو آپ کہتے ہیں کہ نہیں جی آپ کا مطلب یہ ہے۔

میاں رضا ربانی : جناب چیئرمین! وہ الگ بات ہے۔ The other point sir, which is again very....

(Interruption)

جناب چیئرمین : ذرا اخبار تو مجھے دکھائیں تا کہ میں دیکھ لوں۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I will just show this to you, I just quote the second point and I will give you this newspaper. Sir, the other point which is very important that from this speech of the Prime Minister or this press talk of the Prime Minister

ایک اور بہت ہی اہم بات سامنے آ رہی ہے اور وہ یہ ہے کہ پرائم منسٹر صاحب نے اس کے اندر یہ فرمایا ہے ۔ Sharif said that he would finish all those hurdles which were not in the interest of democracy. اس سے پہلے جو بات ہو رہی تھی وہ constitutional amendments کی ہو رہی تھی۔ اب constitutional amendments اس بات پر اور جو constitutional amendments کی افواہ چل رہی ہے کہ یہ لانا چاہتے ہیں ' اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ وزیر اعظم صاحب جو ہیں وہ constitution کا basic structure تبدیل کرنا چاہ رہے ہیں۔ اس کو اس طرح تبدیل کرنا چاہتے ہیں کہ پارلیمان کی بالادستی تو ایک طرف کیونکہ پارلیمان کی بالادستی تو دیکھ چکے ہیں کہ ۲ دفعہ انہوں نے extra constitutional forces سے مدد مانگی۔ وہاں پر پارلیمان کی بالادستی کہاں گئی۔ وہ خدا جانے لیکن اب وہ ایسا قانون یا ایسا آئین لانا چاہتے ہیں جہاں پر ایک آدمی جو کہے وہ writ of the law بن جائے اور اس کے تحت وہ basic structure constitution کا تبدیل کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : وہ بل جب آپ کے سامنے آئے گا تو آپ کو موقع حاصل ہوگا کہ آپ بات کریں۔

میاں رضا ربانی: وہ تو کریں گے لیکن وہ بھی پتہ نہیں کہ رات کے کس ٹائم پر آئے گا۔ کیسے آئے گا۔ لیکن یہ جو ان کی پریس کانفرنس ہے ۔ اس پر جو 2 main نکات ' ایک violence کا اور ایک change of the basic structure of the constitution اس کو واضح کرنے کی بات تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر اگر کوئی وزیر صاحب بیٹھے ہیں تو اس کی وضاحت کریں۔

جناب چیئرمین: اچھا جی۔ Any other point of order. جی جناب ساجد میر صاحب، لیکن لڑائی والی بات کوئی نہیں کرنی ہے۔

پروفیسرساجدمیر: جناب چیئرمین! لڑائی والی بات نہیں ہے joke ہے ایک جو میں آپ کی وساطت سے ہاؤس کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ A joke about communist USSR goes like this کہ چند friends بیٹھے ہوئے تھے they were discussing the situation in United States اور اس کے بارے میں وہ باتیں کر رہے تھے۔ اس کے خلاف اعتراضات، شکائتیں وغیرہ۔ تو ان میں سے ایک نے امریکہ کے بارے میں کہہ دیا that wretched country. KGB کا ایک ایجنٹ وہاں سے گزر رہا تھا ۔ وہ اسے لیکر اپنے افسر کے پاس لے گیا interrogation centre میں اور اس نے کہا کہ جناب اس نے یہ الفاظ مادر وطن کے بارے میں استعمال کیے ہیں ۔ اس نے بہت کہا context میرا دیکھیں اور ان فرینڈز سے پوچھیں جن میں میں بیٹھا ہوا تھا ۔ امریکہ کی ہم بات کر رہے تھے اور اس کے بارے میں میں نے کہا ہے کہ that wretched country اس نے کہا کہ we all know which country is wretched اس لیے تم مجرم ہو اور تمہیں سزا ملے گی ۔ مطلب یہ ہے کہ کچھ لوگ اپنی perception پڑھتے ہیں دوسرے کے الفاظ میں اور میرا خیال ہے کہ اپنی perception جب بھی پڑھیں گے تو اس سے مغالطے ہوں گے ۔ اس سے غلط فہمیاں ہوں گی ۔ یہی بات ابھی ہو رہی تھی جیسا کہ آپ نے بھی فرمایا ۔ جو الفاظ جس نے کہے ہیں وہی بہتر بتا سکتا ہے کہ اس کا مطلب کیا تھا اور اسے اس کا موقع بھی اگر نہ دیا جائے بتانے کا ۔ تو میں نہیں سمجھتا کہ اظہار خیال کی آزادی اس کو کہتے ہیں یا جمہوریت اس کو کہتے ہیں ۔ بس جناب مجھے یہی کہنا تھا ۔

سید اقبال حیدر ۔جناب وزیر اعظم صاحب کو طلب کیا جائے اور وہ یہ بتائیں کہ

انہوں نے اس طرح سے تشدد کا پرچار کیا تھا کہ نہیں اور اسطرح سے یہ الفاظ جو آپ نے ادا کیے ہیں اس سے ملک و قوم میں تمام تشویش ہے کہ اگر ملک کا وزیر اعظم خود تشدد پر اتر آئے تو پھر قانون نافذ کون کرے گا اور عوام کا کیا حال ہو گا - یہ میرا پوائنٹ آف آرڈر --

جناب چیئرمین-جی نثار خان صاحب -پہلے نثار خان بات کر لیں - پھر آپ کر لیں - آپ ہمیشہ ٹھنڈی بات کرتے ہیں آپ کو تو ضرور موقع دیں گے -

جناب نثار محمد خان - جناب چیئرمین ! شکریہ - جہاں پر انگریزی اخبار ربانی صاحب نے پڑھا ہے اس میں الفاظ ہیں - violence جو ان کی زبانی ہم نے سنے ہیں - لیکن اردو اخبار میں جو پریس کانفرنس وزیر اعظم صاحب نے کی ہے اس میں لفظ مظاہمت ہے -

جناب چیئرمین- کیا لفظ ہے -

جناب نثار محمد خان - مظاہمت ہے مظاہمت کا راستہ جی - تو اب یہ تو ہر ایک کی اپنی interpretation ہے اور میں استدعا کروں گا اپوزیشن سے کہ آپ بھی دو دفعہ شکار ہوئے ہیں - جس راستے سے ہم دو دفعہ شکار ہوئے ہیں - جونیجو صاحب سے لیکر اب تک - اور ہم ایک دوسرے پر ہنستے رہے ہیں - کیا یہ اچھا نہیں ہو گا کہ ہم اس قسم کے واقعات جب آ جائیں کیونکہ یہ قومی مسئلہ ہوتا ہے اور ہم اکٹھے ہو جائیں - آپ جنرل ضیاء الحق مرحوم کو لیجیئے - انہوں نے بغیر کسی وجہ کے جونیجو صاحب کی حکومت کو ہٹایا اور ہم ٹانگ پر ٹانگ ڈال کر مزے اڑاتے رہے - وہ اللہ کو پیارے ہوئے، سپریم کورٹ ، نادر پرویز گواہ ہے میں خود یہاں پر آپ کے سامنے کھڑا ہوں - ان کو بحال کرنے والی تھی اسلم بیگ another General steps in اور وہ سپریم کورٹ کو کہتا ہے کہ اس کو بحال نہ کریں -خود اس نے confess کیا ہے- پھر بحران آتا ہے- غلام اسحاق خان he sacks Nawaz Sharif and his Government and dissolved the assemblies. سپریم کورٹ آف پاکستان اس کو بحال کردیتی ہے سب کو پتہ ہے- پھر President of Pakistan سارے صوبوں کو اس کے خلاف کرتا ہے اور اس کو اسلام آباد تک محدود کرتے ہیں- again another General steps in کاکڑ صاحب اور وہ بجائے اس کے کہ وہ یہ دیکھتے کہ حق پر کون ہے- وہ دونوں کو فارغ کر دیتے ہیں - اس کے نتیجے میں محترمہ آ جاتی ہے - ان کو فارغ کر دیا جاتا ہے- پھر نتیجتاً نواز شریف آ جاتے ہیں -

ربانی صاحب کہتے ہیں کہ 20 اور 21 کی درمیانی شب کو' میں تو کہتا ہوں کہ جناب یہ چیزیں جو آ رہی ہیں - یہ جب سے بھٹو صاحب نے انقلاب برپا کیا ' مرحوم بھٹو صاحب نے - مرحوم ایوب خان کے وقت میں ان کے خلاف' یہ اس وقت سے آ رہے ہیں اور ہم سیاستدان سمجھتے نہیں ہیں - وہ ایک پارٹی ہیں ہمارے خلاف اور ہم ایک دوسرے پر ہنستے ہیں - خدارا! آؤ اس طرح کا جب قومی مسئلہ ہو ہم اکٹھے ہوں اور میں یہ بھی ساتھ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کرے کہ جنرل کرامت اس زنجیر کی کڑی نہ بنیں جس کا کہ کاکڑ صاحب ' اسلم بیگ صاحب ' مرحوم ضیاء الحق صاحب بنے ہیں کیونکہ وہ قوم میں اچھے الفاظ سے یاد نہیں کیے جاتے - شکریہ جناب چیئرمین -

جناب چیئرمین- شکریہ جی - جی اقبال حیدر صاحب -

سید اقبال حیدر : جناب چیئرمین! ایک اہم عوامی اہمیت کے حامل مسئلے پر گہری تشویش کا اظہار ہے جو تعلیمی اداروں سے متعلق ہے - کل کے " Dawn " اور دیگر اخبارات میں بھی یہ بڑی تشویشناک اور افسوسناک خبر چھپی کہ طالب علموں نے امتحانات کا بائیکاٹ کیا' صرف اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ انہیں نقل کرنے کی چھٹی دی جائے - آج کے اخبارات میں یہ ہے کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں حالات اتنے زیادہ گھمبیر ہو گئے ہیں کہ اساتذہ نے اپنی جان کے تحفظ کے لئے صدر مملکت اور وزیر داخلہ دونوں سے اپیلیں کی ہیں کہ ان کو وہاں کے Acting Vice Chancellor and Registrar کے تشدد سے بچایا جائے - تعلیمی اداروں میں تشدد کا یہ بڑھتا ہوا رجحان انتہائی تشویشناک ہے اورمسلسل جاری ہے - اگر تعلیمی اداروں ہی میں نوجوان اور اساتذہ بھی تشدد میں ملوث ہوتے رہے تو پھر پورے معاشرے میں تشدد کو کون روک سکے گا اور سب سے بڑا مسئلہ ہے یہ نقل کے رجحان کا' اس کو روکنے کے لئے انتظامات کرنے چاہیئں-

جناب چیئرمین: یہ وہی خضدار کے کسی کالج نے ڈیمانڈ کی ہے-

سید اقبال حیدر : جناب چیئرمین! پورے بلوچستان میں سالانہ امتحانات ملتوی ہو گئے ہیں'

جناب چیئرمین: ان کی ڈیمانڈ ہے کہ نقل کی اجازت دی جائے-

سید اقبال حیدر : جی کہ نئے وائس چانسلر نے انہیں روکا تو طلباء تشدد پر اتر آئے اور وہاں پر پولیس بلانی پڑی اور جب انہیں روکا تو انہوں نے امتحانات کا بائیکاٹ کر دیا- طلباء نے

بائیکاٹ کیا کہ یا تو ہمیں آپ نقل کی کھلی چھٹی دیں، پوری تفصیل سے فرنٹ پیج پر رپورٹ ہے کل کے "ڈان" میں ، اور سب سے حیران کن بات یہ ہے کہ "چوری اور سینہ زوری" اس کو کہتے ہیں کہ آج کا طالب علم، نوجوان نسل صرف چوری کرنا چاہتا ہے بلکہ ڈنکے کی چوٹ پر کہتا ہے کہ چوری کرنا میرا حق ہے۔ یہ بنیادی حق بنا دیا ہے اپنا، معاشرہ اس حد تک تنزلی کا شکار ہوا ہے جناب چیئرمین۔ میں چاہوں گا کہ حکومت فوری طور پر اس کا سختی سے نوٹس لے اور سخت ترین کارروائی کرے اور اس رجحان کو روکنے کے لئے میں سمجھتا ہوں بحث کی جائے، اس سلسلے میں میرا بھی ایک موشن ہے، "تعلیمی اداروں میں پھیلتی ہوئی لاقانونیت اور تشدد کے رجحانات" اس پر باقاعدہ بحث کے لئے آپ ہمیں ضرور موقع دیں کیونکہ آج کل ہمارے پاس ویسے تو کوئی کام ہے نہیں، حکومت اجلاس بلا لیتی ہے'----

(مداخلت)

جناب چیئرمین: نہیں آج تو کام تھا لیکن آپ کے ساتھیوں کی request پر پرسوں پر رکھا گیا ہے، بڑی important legislation ہے۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئرمین! ایک گزارش ہے کہ ایک اہم شخصیت جس نے جمہوریت کے لئے بہت جدوجہد کی اور ایوب خان کے مارشل لاء میں ایک انتہائی نمایاں کردار ادا کیا، باقی بلوچ صاحب، ان کی رحلت پر ہمیں دلی دکھ ہے ۔ ہم چاہیں گے کہ اس ایوان میں ان کے لئے فاتحہ خوانی بھی کی جائے اور ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے اس سلسلے میں تعزیتی قرارداد بھی پیش کی جائے اور یہ قرارداد ان کے گھر والوں کو بھیجی جائے۔

(فاتحہ خوانی کی گئی)

جناب چیئرمین: جی وہ کوئی قرارداد آئے گی، پھر دیکھیں گے ، ابھی تو میرے سامنے کچھ ہے ہی نہیں، جی ان کی بڑی خدمات ہیں جمہوریت کے لئے، بڑے نڈر تھے، آمریت کے خلاف بڑی جدوجہد کی ہے، ان کی بہت نمایاں آواز تھی اس زمانے میں، ہمیں سب کچھ یاد ہے اور اسی اعتراف کے طور پر انہوں نے یہ نکتہ اٹھایا اور ہم نے فاتحہ خوانی کی ہے، جی حئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب والا! اس زمانے کی صرف ایک بات یاد دلانے کی کوشش کرانا چاہوں گا کہ وہ واحد parliamentarian تھے، پورے پاکستان میں، جنہوں نے ایوب

خان کے دور میں جب rebordering ہو رہی تھی ایران کے ساتھ' باقی بلوچ صاحب نے اس پر بڑی جدوجہد کی اور ایک تفصیلی نوٹ دیا کہ بلوچستان پاکستان کا صوبہ ہے اور آپ اس کا اتنا بڑا علاقہ ایران کو کیوں دے رہے ہیں۔ وہ strategic area تھا جی۔ اس کے اوپر ان کا بڑا واضح سٹینڈ تھا۔

جناب چیئرمین: جی ان کی بہت خدمات ہیں' جی جناب راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی: جناب چیئرمین! شکریہ۔ آج جناب رضا ربانی صاحب نے جو نکتہ اٹھایا' اس پر میں پرسوں بھی بولنا چاہتا تھا مگر افسوس کہ کچھ بدمزگی کی وجہ سے آپ کو اجلاس ملتوی کرنا پڑا۔ یہ سلسلہ جو ملک میں کشیدگی کا اداروں کے درمیان ہے' وہ معلوم ہوتا ہے کہ ختم ہونے کو نہیں آیا۔ کل میں نے خود آپ کی تقریر پڑھی' آپ نے فرمایا: " کہ معاملہ کچھ ٹھنڈا تو ہوا ہے مگر خطرہ ٹلا نہیں"۔

جناب چیئرمین: نہیں جی میری یہ ایک تقریر ہے' آپ دیکھیں گے کہ تقریر میں نے ایک کی ہے' ہر اخبار نے اس کی اپنی مرضی سے ہیڈ لائن لگائی ہے۔

جناب حسین شاہ راشدی: لیکن جناب والا! ہم تو وہی کہیں گے جو ہم پڑھیں گے۔

جناب چیئرمین: لیکن یہ اس پر depend کرتا ہے کہ آپ نے کون سا اخبار پڑھا ہے' بہرحال تقریر ایک ہی تھی۔

جناب حسین شاہ راشدی: آپ نے یہ ضرور فرمایا تھا کہ خطرہ ٹلا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: اب اگر میں پھر کچھ کہوں گا تو ہر اخبار میں اس کے بارے میں نئی ہیڈ لائن لگے گی' لہذا میں کچھ نہیں کہتا۔' میں نے اس دن یہ بھی کہا تھا جو رپورٹ نہیں ہوا' میں نے یہ کہا تھا " کہ اکثر یہ ہوتا ہے کہ ایک خبر لگ جاتی ہے کہ فلاں فلاں نے یہ کہا ہے اور حقیقتاً وہ کہا نہیں گیا ہوتا' پھر اس پر کالم لکھے جاتے ہیں' پھر اس پر ایڈیٹوریل آ جاتے ہیں' پھر انسان کو خود ہی وہم ہوتا ہے کہ شاید میں نے یہ بات کہہ ہی دی ہو"۔

جناب حسین شاہ راشدی: واقعی یہ چیز ہوتی ہے جناب۔ جناب چیئرمین! تو جناب والا! میں گزارش یہ کر رہا تھا کہ اس دن میں نے جناب راجہ صاحب کی نہایت مدبرانہ' پروفیسر ساجد

میر صاحب کی عالمانہ مگرجارحانہ، جمیل الدین عالی صاحب کی شاعرانہ اور جناب الیاس بلور صاحب کی قطعی بے معنیٰ تقاریر سنیں۔

(تالیاں)

جناب حسین شاہ راشدی: جناب والا! اس طرف سے ہر ایک کوشش یہ کرتا ہے کہ ہماری غلطیوں کا حوالہ دے کر اپنی غلطیوں کا جواز پیش کرے۔ یہ کسی سے سبق حاصل کرنے کے روادار معلوم نہیں ہوتے۔ مجھے یقین ہے کہ یہاں راجہ صاحب کی وجہ سے، ان کی طرف سے جو کچھ تبر کا مظاہرہ ہوتا ہے اور راجہ صاحب نے جو کچھ فرمایا، اگر مسلم لیگ کی باگ ڈور اور ملکی قیادت جناب راجہ صاحب کے ہاتھ میں ہوتی تو ہمیں کوئی بھی ڈر نہیں تھا۔

(تالیاں)

جناب حسین شاہ راشدی: قبلہ نواز شریف صاحب مینڈیٹ کے آمسرے میں جس کسی کو بھی دیکھتے ہیں تو فوراً کبڈی کبڈی کرتے لڑنا شروع کر دیتے ہیں۔

(قہقہے)۔

جو کہ میرے خیال میں مناسب رویہ نہیں ہے۔ ہمارے ملک کی باگ ڈور آج اس شخص کے ہاتھ میں ہے جو بہت بڑا جہاز لئے جا رہا ہے مگر کوشش یہ کرتا ہے کہ جہاں چٹان نظر آئے وہاں ٹکرا کے چلے۔ یہ پالیسی جو ہے وہ ختم ہونی چاہیئے۔

راجہ صاحب نے یہ بھی کہا کہ وہ ہم سے دریافت کریں گے کہ وہ کون سی دوا تھی کہ جس سے ہماری ہلاکت ہوئی۔ ہم تو خود یہاں پر برملا اعلان کرتے پھرتے ہیں کہ ان دواؤں کی وجہ سے ہماری یہ موت واقعی ہوئی، مگر معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے خودکشی کا اپنا کوئی مجرب نسخہ بنایا ہوا ہے، جس میں کچھ اجزائے ترکیبی ANP کے ہیں، کچھ مہلک اجزاء MQM کے ہیں، کچھ جو کمی تھی وہ پروفیسر ساجد میر صاحب نے پوری کی ہے اورمسلم لیگ تو ہمیشہ موت کی طرف جا رہی ہے۔

جناب والا! ابھی ساجد میر صاحب نےواقعہ بیان کیا، ایک واقعہ میں بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک شخص اپنے دوست کے پاس بڑی خوشی خوشی گیا کہ آج اللہ نے میری عزت بچا لی، انہوں نے کہا بھئی وہ کیسے، تو وہ کہنے لگا کہ مجھے بیوی نے مارا تو بہت، مگر مجھے وہ زمین پر

گرا نہیں سکی۔ تو دوست نے کہا کہ صاحب اگر تم نے عزت کا یہ معیار مقرر کیا ہے تو انشاء اللہ پھر تمہاری کبھی بے عزتی نہیں ہو گی۔

(تالیاں)

جناب حسین شاہ راشدی: تو جناب والا! دو چار روز سے معاملہ ٹھنڈا تھا اور ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ حکومت نے ہوش کے ناخن لے لئے ہیں اور اب آہستہ آہستہ بڑی متانت سے' بڑی سنجیدگی سے اس جھٹکے کو وہ ایک وارننگ سمجھ کر کریں گے۔ مگر کل سے پھر وہی جارحانہ رویہ اختیار کیا گیا ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ اس ایوان کو آپ کے توسط سے اور خاص طور پر مسلم لیگ کے حلیفوں کو کہ جب مسلم لیگ غلطی کرتی ہے تو اس کو روکنے کی بجائے' اسے کہتے ہیں کہ یہی غلطی پیپلز پارٹی نے کی تھی۔ لہذا آپ کے لئے بھی بے حد ضروری ہے کہ آپ پیپلز پارٹی کی سنت پر عمل کریں۔ تو جب تک ہماری سنت پر عمل کریں گے تو ہمیں بڑی خوش ہوتی ہے۔ بہرحال ملک کا چھٹکارا اس سے نہیں ہو گا۔

Mr. Chairman: On that note, I think the House is adjourned to meet again day after tomorrow at 4.00 PM.

Mr. Hussain Shah Rashdi: Thank you very much.

[The House was then adjourned to meet again on Thursday at 4 O'clock in the evening, on 27th of November, 1997]